عزیز اہلِ خانہ،

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) میں طلباء کی رازداری سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ اس میں طلباء کے ڈیٹا کو صنعت کے معیار اور بہترین طریقوں کے مطابق محفوظ کرنا، اپنے عملے کو طلباء کی معلومات کے استعمال میں ان کی ذمہ داریوں کی تربیت دینا، اور یہ یقینی بنانا شامل ہے کہ تیسرے فریق کے فراہم کنندگان ہمارے ڈیٹا رازداری اور حفاظتی اصولوں کی پابندی کے تقاضے پورے کریں۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ اپنے طلباء اور ان کے خاندانوں کو ان کے رازداری حقوق کے بارے میں آگاہ کیا جائے۔

آپ کو باخبر رکھنے کے لیے، ہم ایک رازداری پیکٹ کا اشتراک کر رہے ہیں جس میں آپ کے حقوق اور طلباء کی معلومات کے تحفظ کے طریقوں کے بارے میں اہم معلومات شامل ہیں۔ یہ پیکٹ وفاقی، ریاستی اور مقامی رازداری قوانین کے تحت آپ کے حقوق کی وضاحت کرتا ہے، جس میں حال ہی میں ترمیم شدہ چانسلر کا ضابطہ A-820 شامل ہے۔ اس پیکٹ میں شامل ہے:

- **رازداری حقوق 101:** ایک صفحے کا فلائر جو آپ کے نو سب سے اہم رازداری حقوق کا خلاصہ پیش کرتا ہے۔
- **سالانہ FERPA اطلاع نامہ:** یہ خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری ایکٹ (FERPA) کے تحت آپ کے حقوق کی وضاحت کرتا ہے، جس میں آپ کے بچے کے ریکارڈز تک رسائی اور اس معلومات کو نجی رکھنے کا حق شامل ہے۔
- **سالانہ PPRA اطلاع نامہ:** یہ تحفظ برائے طلباء حقوق ترمیم (PPRA) کے تحت آپ کے حقوق کا خاکہ پیش کرتا ہے، خاص طور پر سروے اور طلباء سے جمع کی جانے والی معلومات کے حوالے سے۔
- **ڈیٹا کی رازداری اور تحفظ کے لیے والدین کے حقوق کا بل:** یہ بیان کرتا ہے کہ قانون کے تحت طلباء کا ڈیٹا کیسے محفوظ رکھا جاتا ہے اور NYCPS اور اس کے شراکت داروں کی طلباء کے ڈیٹا کو محفوظ اور حفاظت سے رکھنے کی ذمہ داریاں کیا ہیں۔

ہمارا مقصد یہ ہے کہ آپ اس معاملے میں باخبر، بااختیار اور پراعتماد محسوس کریں کہ آپ کے بچے کی معلومات کو احتیاط اور احترام کے ساتھ رکھا جا رہا ہے۔ ہم اس مواد کا جائزہ لینے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/StudentPrivacy پر جائیں۔ کسی بھی سوالات کے لیے آپ studentprivacy@schools.nyc.gov پر بھی ای میل کر سکتے ہیں۔

بخلوص،

Dennis Doyle

Dennis Doyle
چیف افسر برائے رازداری
دفتر برائے جنرل کاؤنسل
نیو یارک شہر پبلک اسکولز

# رازداری حقوق 101

**نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS)** آپ اور آپ کے بچوں کی معلومات کی رازداری کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔ طالب علم کی رازدادی کا مطلب آپ کے بچے کی ذاتی تفصیلات، تعلیمی ریکارڈز، اور دیگر حساس معلومات حفاظت میں اور محفوظ رکھنا ہے۔

بطور ایک NYCPS والدین یا سرپرست، آپ کے پاس اہم حقوق ہیں جو آپ کے بچے کی رازداری اور تعلیمی معلومات کی حفاظت کرتے ہیں۔

---

## آپ کے رازداری کے سب سے زیادہ اہم نو (9) حقوق یہ ہیں:

### رسائی کے حقوق

آپ اپنے بچے کے تعلیمی ریکارڈز جیسے کہ گریڈز، حاضری، انضباطی رپورٹس، اور انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

### ریکارڈز میں ترمیم کرنے کا حق

اگر اپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے بچے کے تعلیمی ریکارڈز درست نہیں ہیں یا ان کی رازدادری کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، آپ اسے صحیح کروانے کا حق رکھتے ہیں۔

### (معلومات) ظاہر نہ کرنے کا حق

NYCPS کو آپ کے بچے کی معلومات کا اشتراک کرنے سے قبل آپ کی تحریری اجازت درکار ہوتی ہے۔ یہاں کچھ استثنأ ہیں، جیسے کے ڈائریکٹری معلومات اور صحت و ہنگامی حفاظتی انتظامات۔

### معلومات کی رازداری کے حقوق

آپ کے بچے کی معلومات کو جب بھیجا یا محفوظ کیا جاتا ہے اسے صیغۂ راز میں رکھا جاتا ہے۔

### آپ کے اعداد و شمار نہ بیچنے کا حق

آپ کے بچے کی معلومات کو کسی بھی کاروبار، مارکیٹنگ یا تشہیری مقاصد کے لیے فروخت یا استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

### ڈیٹا کی خلاف ورزی کے بارے میں مطلع کرنے کا حق

اگر آپ کے بچے کی معلومات کسی ڈیٹا کی خلاف ورزی کے دوران افشا ہوتی ہے یا کسی اور کے ساتھ بانٹی گئی ہے جسے اسے موصول کرنے کا اختیار نہیں ہے تو NYCPS آپ کو اطلاع دے گا۔

### طالب علم سرویزکے بارے میں جاننے کے حقوق

آپ کو انتخاب کرنے کا حق حاصل ہے کہ آیا آپ کا بچہ ایسے سرویز اور معائنے/امتحانات میں حصہ لے جو حساس موضوعات کے متعلق ہوں۔

### آپ کو اپنے حقوق کے بارے میں مطلع کرنے کا حق

ہر تعلیمی سال کے شروع میں، آپ کو وفاق، ریاست اور مقامی قوانین اور ضابطوں کے تحت اپنے رازداری کے حقوق کے بارے میں مطلع کیا جائے گا۔

### شکایات دائر کرنے کا حق

آپ کو NYCPS، این وائی ایس محکمہ تعلیم، یا یو ایس محکمہ تعلیم کے پاس اپنے بچے کی اعداد و شمار کے ممکنہ غلط استعمال کے بارے میں شکایت درج کروانے کا حق حاصل ہے۔

مزید معلومات کے لیے، ذیل پر جائیں: **schools.nyc.gov/StudentPrivacy**

## تعلیمی سال 2025-26 کے لیے FERPA کا سالانہ نوٹیفیکیشن

فیملی ایجوکیشنل رائٹس اینڈ پرائیویسی ایکٹ (FERPA) ایک وفاقی قانون ہے جو والدین اور طلباء کو طلباء کے تعلیمی ریکارڈز اور ان ریکارڈز میں موجود کسی بھی ذاتی شناختی معلومات (PII) کے بارے میں مخصوص حقوق فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طالب علم ہیں (جسے اہل طالب علم بھی کہا جاتا ہے)، تو یہ حقوق آپ کے لیے ہیں۔ اگر آپ 18 سال سے کم ہیں، تو یہ حقوق آپ کے والدین کے لیے ہیں۔

مختصراً، FERPA آپ کو درج ذیل حقوق فراہم کرتا ہے:

1. **تعلیمی ریکارڈز کا معائنہ اور جائزہ 45 دن کے اندر کرنے کا حق۔**

اپنے تعلیمی ریکارڈز تک رسائی کے لیے آپ کو پرنسپل کے پاس تحریری درخواست جمع کروانا ہوگی۔ (طالب علم کے ریکارڈز کے لیے درخواست کے فارم آن لائن دستیاب ہیں)۔ آپ کی شناخت اور درخواست شدہ ریکارڈز تک رسائی کی اجازت کی تصدیق کے بعد، NYCPS آپ کو درخواست کردہ ریکارڈز کی ایک نقل فراہم کرے گا یا درخواست کردہ ریکارڈز کا جائزہ لینے کے لیے وقت اور جگہ طے کرے گا۔

2. **تعلیمی ریکارڈز میں تبدیلیوں کی درخواست کریں جو آپ کے خیال میں غلط، گمراہ کن ہیں، یا FERPA کے تحت طالب علم کی رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی کرتی ہوں۔**

تبدیلی کی درخواست دینے کے لیے، پرنسپل کو تحریری درخواست دیں (ای میل بھی قابل قبول ہے)، جس میں واضح کریں کہ آپ کس ریکارڈ میں تبدیلی چاہتے ہیں، آپ کے خیال میں موجود معلومات غلط، گمراہ کن، یا طالب علم کے رازداری حقوق کی خلاف ورزی کیسے کرتی ہیں، اور آپ کون سی تبدیلی تجویز کرتے ہیں۔ اگر NYCPS تعلیمی ریکارڈز میں درخواست کردہ تبدیلیاں نہ کرنے کا فیصلہ کرتا ہے تو آپ کو یہ معلومات فراہم کی جائیں گی کہ آپ اس فیصلے کے خلاف اپیل کیسے کریں اور سماعت کے لیے درخواست کیسے دیں۔

3. **طالب علم کے تعلیمی ریکارڈز میں موجود ذاتی شناختی معلومات (PII) جاری کرنے سے پہلے تحریری رضامندی ضروری ہے۔**

تاہم، بعض صورتوں میں، FERPA والدین کی رضامندی کے بغیر معلومات افشاء کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ طلباء کی ذاتی شناختی معلومات (PII) والدین کی رضامندی کے بغیر کب جاری کی جا سکتی ہیں، اس کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- اسکول کے ان اہلکاروں کو جو اس معلومات میں جائز تعلیمی دلچسپی رکھتے ہوں۔
- جب کوئی طالب علم کسی دوسرے اسکول، ضلع، یا تعلیمی ادارے میں داخلہ لیتا ہے یا منتقل ہوتا ہے۔
- مجاز حکومتی اہلکاروں کو آڈٹ یا جانچ پڑتال کے لیے۔
- طلباء کی مالی معاونت (financial aid) کی درخواستوں کے سلسلے میں۔
- ان تنظیموں کو جو NYCPS کے لیے یا NYCPS کی جانب سے علمی تحقیق کر رہی ہوں۔
- IRS ٹیکس مقاصد کے لیے، 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طلباء کے والدین کو، اگر طالب علم ان پر انحصار کرتا ہو۔
- عدالتی حکم یا قانونی طور پر جاری شدہ حکم (subpoena) کی تعمیل کے لیے۔
- متعلقہ حکام کو جب صحت یا حفاظت کے بارے میں کوئی ہنگامی صورتحال کا سامنا ہو۔
- جب NYCPS مخصوص قسم کی ذاتی شناختی معلومات (PII) کو "ڈائریکٹری معلومات" کے طور پر متعین کرتا ہے۔ NYCPS کی پالیسیز ڈائریکٹری معلومات کے اشتراک کو محدود کرتی ہیں، جس میں یہ طے کیا گیا ہے کہ کس قسم کی معلومات کو ڈائریکٹری معلومات کے طور پر متعین کیا جا سکتا ہے اور کون اس معلومات کو حاصل کر سکتا ہے۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ اپنے طالب علم کی ذاتی شناختی معلومات (PII) کو ڈائریکٹری معلومات کے طور پر جاری کرنے سے انکار کر سکتے ہیں۔

4. **اگر آپ کو لگتا ہے کہ NYCPS نے FERPA کی شرائط کی خلاف ورزی کی ہے، تو آپ ریاستہائے متحدہ محکمہ تعلیم میں شکایت درج کروا سکتے ہیں۔** شکایات یہاں درج کی جا سکتی ہے:

Student Privacy Policy Office
U.S. Department of Education
400 Maryland Avenue SW
Washington, DC 20202-8520
یا بذریعہ ای میل FERPA.Complaints@ed.gov کو

5. **FERPA کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں نوٹس موصول کریں۔**

## تعلیمی سال 2025-26 کے لیے PPRA کا سالانہ نوٹیفیکیشن

پروٹیکشن آف پیوپل رائٹس ترمیم (PPRA) والدین اور 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طلباء کو چند مخصوص حقوق فراہم کرتی ہے، جو سروے میں شرکت، مارکیٹنگ کے مقاصد کے لیے معلومات کے جمع اور استعمال، اور بعض جسمانی معائنوں سے متعلق ہیں۔

PPRA آپ اور آپ کے بچے کو مندرجہ ذیل حقوق فراہم کرتا ہے:

- کسی بھی ضروری قرار دیئے گئے سروے، تجزیے یا جانچ میں طلباء کی شرکت سے پہلے تحریری رضامندی فراہم کرنے کا حق، جو درج ذیل ("حساس شعبوں") سے متعلق معلومات ظاہر کرے:
  - طالب علم یا ان کے والدین کی سیاسی وابستگیاں یا نظریہ؛
  - طالب علم یا ان کے اہلِ خانہ کے ذہنی یا نفسیاتی مسائل؛
  - جنسی رویے یا رجحانات؛
  - غیر قانونی، معاشرتی اقدار کے خلاف، خود کو مجرم ثابت کرنے والا، یا تضحیک آمیز رویہ؛
  - ایسے افراد پر تنقیدی جائزے جن سے جواب دہندگان کے قریبی خاندانی مراسم ہوں؛
  - قانونی طور پر تسلیم شدہ خصوصی تعلقات، جیسے وکلا، ڈاکٹروں، یا علماِ دین کے ساتھ؛
  - طالب علم یا ان کے والدین کے مذہبی عمل، وابستگیاں یا عقائد؛ یا
  - پروگرام کی اہلیت کا تعین کرنے کے لئے قانون کو مطلوب ذرائع کے علاوہ آمدنی۔
- نوٹس حاصل کرنے کا حق اور اپنے بچے کو اختیاری سروے ، تجزیوں ، یا تشخیصوں میں حصہ لینے سے باہر نکلنے کا موقع جو حساس معلومات ظاہر کرتے ہیں۔
- نوٹس حاصل کرنے کا حق اور اپنے بچے کو کسی بھی غیر ہنگامی، کڑے جسمانی معائنے یا اسکریننگ میں حصہ لینے سے روکنے کا موقع جو حاضری کی شرط کے طور پر ضروری ہے، اسکول کی طرف سے پیشگی انتظام اور شیڈول کیا جاتا ہے، اور طالب علم یا دیگر طلباء کی فوری صحت اور حفاظت کے لئے ضروری نہیں ہے.
- درخواست کرنے پر، ان کو دینے یا استعمال سے پہلے مندرجہ ذیل کا معائنہ کرنے کا حق:
  - اوپر درج محفوظ شدہ شعبوں سے متعلق معلومات حاصل کرنے والے کسی بھی سروے، اور
  - طالب علم کے تعلیمی نصاب کے حصے کے طور پر استعمال ہونے والا کوئی بھی تدریسی مواد۔

PPRA کے تحت طلباء کی رازداری سے متعلق اضافی وسائل ریاستہائے متحدہ محکمہ تعلیم کے اسٹوڈنٹ پرائیویسی پالیسی آفس کی ویب سائٹ https://studentprivacy.ed.gov پر دستیاب ہیں.

وہ والدین جو سمجھتے ہیں کہ ان کے PPRA حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے وہ آن لائن https://studentprivacy.ed.gov/file-a-complaint پر PPRA شکایت فارم کا انتخاب کر کے یا مندرجہ ذیل پتے پر فارم بذریعہ ڈاک شکایت درج کرسکتے ہیں:

Student Privacy Policy Office
U.S. Department of Education
400 Maryland Avenue SW
Washington, D.C. 20202

# ڈیٹا کی رازداری اور حفاظت کے لیے والدین کے حقوق کا بل

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) آپ اور آپ کے بچوں کی معلومات کی رازداری کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔ کئی وفاق اور ریاستی قوانین اور ضابطے آپ کے بچوں کے تعلیمی ریکارڈز اور ذاتی قابلِ شناخت معلومات، "PII" کی رازداری کا تحفظ کرتے ہیں۔

وہ وفاق قوانین جو آپ کے بچے کی PII کا تحفظ کرتے ہیں ان میں ذیل شامل ہیں خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری قانون ((FERPA)، بچوں کا آن لائن رازداری کے تحفظ کا قانون (COPRA)،طلبا کے حقوق کے تحفظ کی ترمیم (PPRA)، اور معذوری کے حامل افراد کا تعلیمی ایکٹ (IDEA).

نیویارک ریاست تعلیمی قانون 2-d **ایک وفاق قانون ہے** جو آپ کے بچے کی معلومات کی رازداری کا تحفظ کرتا ہے اور NYCPS اور بیرونی فریقوں کو ذمہ دار قرار دیتا ہے جو NYCPS سے آپکے بچوں کی معلومات حاصل کرتے ہیں۔ چانسلر کا ضابطہ A-820 ایک مقامی ضابطہ ہے جو آپ کے حقوق اور طالب علم کے تعلیمی ریکارڈز کو صیغۂ راز میں رکھنے کی NYCPS کی ذمہ داریوں کی وضاحت کرتا ہے۔

ان قوانین اور ضابطوں کے تحت، والدین اور طلباء جن کی عمر 18 سال یا زائد کی ہے، تعلیمی ریکارڈز اور PII کے بارے میں ذیلی حقوق کے حامل ہیں۔ ان حقوق کا اطلاق NYCPS کے پاس محفوظ شدہ تعلیمی ریکارڈز اور معلومات اور بیرونی تنظیموں کے پاس محفوظ شدہ معلومات جو انہوں نے NYCPS سے حاصل کی ہیں پر ہوتا ہے:

- **آپ کے بچے کی معلومات کو فروخت کرنے یا کسی بھی تجارتی یا تشہیری مقصد کے لیے استعمال کیے جانے سے محفوظ رکھنے کا حق۔**

  NYCPS اور بیرونی تنظیمیں جنھوں نے آپ کے بچے کی معلومات NYCPS سے حاصل کی ہیں، انہیں فروخت یا تجارتی یا تشہیری مقاصد کے لیے استعمال نہیں کر سکتے۔

- **45 دن میں آپ کے بچے کے تعلیمی ریکارڈز کی جانچ کرنے اور جائزہ لینے کا حق۔**

  تعلیمی ریکارڈز کے لیے آپ کو پرنسپل سے (**طالب علم کے درخواست کے فارم** آن لائن دستیاب ہیں) ایک تحریری درخواست کرنی چاہیے۔ آپ کی شناخت اور وصول کرنے کے اختیار کی تصدیق کرنے کے بعد، NYCPS یا تو درخواست کردہ ریکارڈز کی ایک نقل فراہم کرے گا یا آپ کے لیے جائزہ لینے کے لیے ایک وقت اور جگہ کا انتظام کرے گا۔

- **آپ کو اپنے بچے کے تعلیمی ریکارڈ میں اس وقت تبدیلی کی گزارش کرنے کا حق حاصل ہے جب آپ کے خیال میں یہ غلط، گمراہ کن ہے یا یہ آپ کے بچے کی رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی کرتا ہے۔**

  اگر آپ تبدیل کروانا چاہتے ہیں آپ کو چاہیے کہ پرنسپل کے پاس تحریری ترمیم شدہ ریکارڈز جمع کرائیں جس میں وضاحت کریں کہ آپ کونسے ریکارڈ تبدیل کروانا چاہتے ہیں، آپ کیوں سمجھتے ہیں کہ موجودہ معلومات درست نہیں ہے، گمراہ کن ہے، اور آپ کے بچے کی رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی ہے، اور آپکی تجویز کردہ تبدیلیاں۔ اگرNYCPS تعلیمی ریکارڈز میں درخواست کردہ ترمیم نہیں کرنے کا فیصلہ کرتا ہے، آپ اس بارے میں معلومات موصول کریں گے کہ کس طرح فیصلے کے خلاف اپیل اور ایک سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔

- **اس سے قبل کہ PII آپ کے بچے کے تعلیمی ریکارڈز ظاہر کرے تحریری اجازت نامہ حاصل کرنے کا حق۔**

  البتہ، چند صورتوں میں، قانون بغیر والدین کی اجازت لیے ظاہر کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ ان استثنات کے بارے میں معلومات جاننے کے لیے، یہاں جائیں: https://www.schools.nyc.gov/about-us/policies/data-privacy-and-security-policies

- **آپ کے بچے کی معلومات کا تحفظ کرنے کا حق جب انہیں منتقل اور محفوظ کیا جائے۔**

NYCPS اور بیرونی فریق جو آپ کے بچے کی معلومات حاصل کرتے ہیں ان پر لازم ہے کہ ڈیٹا کو محفوظ رکھنے کے لیے تحفظاتی اقدامات استعمال میں لائیں، جیسے کہ پوشیدہ تحریر (encryption)، فائروال، اور پاس ورڈ کا تحفظ۔ تحفظاتی اقدامات کے صنعتی معیار کی تکمیل کرنا لازمی ہے،جس میں قومی ادارہ برائے معیارات اور ٹکنالوجی [ National Institute for Standards and Technology (NIST)] سائبر سیکیوریٹی کے ڈھانچے میں اہم بہتری کے بنیادی خاکے کا ورژن 2.0 (Framework for Improving Critical Infrastructure Cybersecurity) شامل ہیں

- **آپ کے بچے کے PII کی خلاف ورزی یا اس کی منظوری لیے بغیر افشا کیے جانے پر مطلع کیے جانے کا حق۔**

ہمیں آپ کے بچے کی معلومات کی خلاف ورزی سرزرد ہونے یا منظوری لیے بغیر افشا کیے جانے کے بارے میں معلوم ہونے کے 60 دن کے اندر، NYCPS آپ کو مطلع کرے گا، ماسوائے ایسا کرنے سے کسی قانون نافذ کرنے والے ادارے کی تحقیقات میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہو۔

- **NYCPS اور نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم کی جانب سے آپ کے بچے کے PII کی ممکنہ خلاف ورزی یا اس کی منظوری لیے بغیر افشا کیے جانے پر ایک شکایت درج کروانے کا حق۔**

اگر آپ NYCPS کے خلاف ایک شکایت درج کرواتے ہیں، ہم آپ کو اسے وصول کرنے کے 60 دن کے اندر ایک جواب فراہم کریں گے۔ اگر ہمیں جواب دینے میں 60 دن سے زیادہ کی ضرورت ہوئی، ہم آپ کو اس بارے میں ایک وضاحت اور ایک متوقع تاریخ فراہم کریں گے۔

NYCPS کو شکایات ذیل پر بھیجی جا سکتی ہیں:

Chief Privacy Officer
New York City Department of Education
52 Chambers Street, Room 308
New York, NY 10007
یا بذریعہ ای میل: Studentprivacy@schools.nyc.gov

نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم کو شکایات ذیل پر بھیجی جا سکتی ہیں:

Chief Privacy Officer
New York State Education Department
89 Washington Avenue
Albany, NY 12234
یا بذریعہ ای میل: privacy@nysed.gov

- **اگر آپ سمجھتے ہیں کہ NYCPS نے FERPA کی شرائط کی تعمیل نہیں کی، تو آپ کا ریاستہائے متحدہ محکمہ تعلیم کے پاس اپنی شکایت درج کروانے کا حق۔** US DOE کو شکایات ذیل پر بھیجی جا سکتی ہیں:

Student Privacy Policy Office
U.S. Department of Education
400 Maryland Avenue SW
Washington, DC 20202-8520
یا بذریعہ ای میل: FERPA.Complaints@ed.gov

- **آپ کو اپنے حقوق کے بارے میں سالانہ بنیاد پر مطلع کرنے کا حق۔**

اس کے علاوہ، NYCPS وعدہ کرتا ہے کہ:

- آپ کے بچے کی معلومات صرف اسی صورت میں جمع اور ظاہر کرے گا جب وہ تعلیمی مقاصد کے لیے ضروری ہو یا قانون اس کی اجازت دیتا ہو۔
- اس بات کو یقینی بنائا کہ طالب کی معلومات کا ہر استعمال اور ظاہر کیے جانا NYCPS اور طلباء کے مفاد میں ہو۔
- PII جمع کرنے، اس پر کام کرنے، اور ترسیل کو حد درجہ محدود رکھا جائے۔
- NYCPS عملے کو سالانہ تربیت فراہم کی جائے جن کے پاس آپ کی معلومات تک رسائی ہوتی ہے۔
- ان بیرونی فریقوں کے ساتھ تحریری معاہدہ کا انتظام کرنا جو NYCPS سے آپ کے بچے کی PII موصول کرتے ہیں۔ اس معاہدے میں درج ہے کہ بیرونی فریق کس طرح آپ کے بچے کے اعداد و شمار کو صیغئہ راز میں اور محفوظ رکھ سکتے ہیں۔
- جو بیرونی فریق NYCPS سےطالب علم کی معلومات موصول کرتے ہیں انہیں ہمارے معاہدے کے بارے میں اضافی معلومات ارسال کرنا۔ ان معلومات کے بارے میں کہ کوئی بیرونی فریق کون سا ڈیٹا جمع کر رہا ہے، ان کا اس ڈیٹا کو جمع کرنے کی وجہ، اور وہ کس طرح اس ڈیٹا کو استعمال کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں کے لیے یہاں جائیں: https://www.schools.nyc.gov/about-us/policies/data-privacy-and-security-policies/supplemental-information-for-parents-about-doe-agreements-with-outside-entities.
- آپ کے بچے کی معلومات کی حامل نقلوں کو بلا ضرورت اپنے پاس نہ رکھیں۔

آپ نیو یارک ریاست محکمئہ تعلیم کی جانب سے جمع کیے جانے والی تمام اقسام کی معلومات کی فہرست یہاں https://www.nysed.gov/data-privacy-security/student-data-inventory تلاش کر سکتے ہیں۔